# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 04 November-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۴؍نومبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی واپس لینے کا آج آخری دِن۔

☆ مراٹھواڑہ کے جالنہ، بھوکردن، بیڑ، کیج، پھلمبری، کنڑ اور ہنگولی اسمبلی حلقوں سے امیدوار کھڑا کرنے کا منوج جرانگے پاٹل کا اشارہ۔

☆ شیوسینا رہنما عبدالستار کے حلف نامے میں موجود خامیوں کی شکایت پر تحقیقات کا انتخابی کمیشن کا حکم۔

☆ بھاؤ بیج تہوار کل روایتی عقیدت کے ساتھ منایا گیا۔

اور۔۔۔☆ ممبئی کرکٹ ٹیسٹ میں فتح حاصل کر کے نیوزی لینڈ کا بھارت کے خلاف وہائٹ واش۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی واپس لینے کا آج آخری دِن ہے۔ ریاست کے کُل 288 حلقوں میں سات ہزار 66 پرچۂ نامزدگی درست قرار دیئے گئے ہیں۔ تاہم ان میں سے کتنے امیدوار اپنے کاغذات واپس لیں گے اور کتنے امیدوار انتخابی میدان میں باقی بچیں گے یہ قطعی صورتحال آج شام میں واضح ہوجائیگی۔ ریاست کے مراٹھواڑہ کے 46 حلقوں میں سب سے زیادہ امیدوار ہیں۔ ان میں ناندیڑ ضلع کے بھوکر اسمبلی حلقے میں سب سے زیادہ 140 امیدواروں کے درخواستِ نامزدگی درست قرار دیئے گئے ہیں۔ اس کے بعد بیڑ ضلع کے ماجل گاؤں میں 98 ‘ جبکہ بیڑ اسمبلی حلقے سے 90 امیدواروں کے پرچہ جاتِ نامزدگی درست قرار پائے ہیں۔ ریاست کے مہاڈ اسمبلی حلقے میں سب سے کم محض پانچ امیدواروں کی درخواستیں درست قرار دی گئی ہیں۔ ممبئی کے چمبور، ماہم اور سندھودُرگ ضلع کے ساونت واڑی حلقوں میں 66 ‘ جبکہ شیوڑی اور کُڈاڑ میں سات سات امیدواروں کے کاغذات درست قرار پائے۔

***** ***** *****

ریاستی اسمبلی انتخابات کے پیشِ نظر مہایوتی اور مہاوکاس آگھاڑی اپنی اپنی محاذوں میں شامل پارٹیوں کے باغی امیدواروں کو منانے کی کوششوں میں مصروف نظر آتی ہیں۔ آج کاغذاتِ نامزدگی واپس لینے کی قطعی تاریخ کے بعد ریاست بھر میں مختلف سیاسی جماعتوں کی نشستوں کی تقسیم کی تصویر واضح ہو سکے گی۔ مورشی، آشٹی، شری رام پور، دِنڈوری، دیوڑالی، انوشکتی نگر اور مانخورد سمیت 36 مقامات پر مہایوتی کے اور پرانڈہ، پنڈھرپور، ڈگرس، دھاراوی، مانخورد، شولاپور وسطی، سانگولہ اور لوہا سمیت 26 حلقوں میں مہاوِکاس آگھاڑی کے خواہش مند امیدواروں نے بغاوت کر رکھی ہے۔ مہایوتی اور مہاوِکاس آگھاڑی کی جانب سے اپنی اپنی پارٹیوں کے خواہشمندوں کو منانے کی کوششیں جاری ہیں۔ بی جے پی کے ریاستی صدر چندر شیکھر باونکوڑے نے اعتماد ظاہر کیا ہے کہ پارٹی کے 99 فیصد منحرفین اپنے کاغذات واپس لے لیں گے۔ انھوں نے انتباہ دیا کہ جو امیدوار اپنے پرچے واپس نہیں لیتے، انھیں چھ برس کیلئے پارٹی سے خارج کر دیا جائیگا۔

***** ***** *****

مہایوتی کی تشہیری مہم کا کل سے آغاز ہوا۔شیوسینا کے رہنماء وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے ممبئی کے کُرلا میں شیوسینا و مہایوتی کے امیدوار منگیش کڈالکر کی تشہیر کے سلسلے میں کل پہلے جلسے سے خطاب کیا۔مہاراشٹر نونرمان سینا کے سربراہ راج ٹھاکرے کے تشہیری جلسوں کا آج سے آغاز ہونے جارہا ہے۔ان کا پہلا جلسۂ عام ڈومبیولی میں اور دوسرا تھانہ میں ہوگا۔

***** ***** *****

ریپبلکن پارٹی آف انڈیا کے ریاستی جنرل سیکریٹری گوتم سونونے' نے پارٹی کارکنوں کو تلقین کی ہے کہ نشستوں کی تقسیم پر اپنی ناراضی کو پرے رکھ کر مہایوتی کے اُمیدواروں کو تشہیر کریں۔انھوں نے کہا کہ ریپبلکن پارٹی مہایوتی کی رُکن جماعت ہے' اس لیے پارٹی کے قومی سربراہ اور مرکزی مملکتی وزیر برائے سماجی انصاف رام داس آٹھولے کے حکم کے مطابق مہایوتی کے اُمیدواروں کو کامیاب کرنے کی کوششیں کریں۔

***** ***** *****

دھنگر سماج کے آئینی حقوق کیلئے جدوجہد کرنے والی یشونت سینا نے اسمبلی انتخابات میں شیوسینا کی حمایت کا اعلان کردیا ہے۔تنظیم کے سربراہ مادھو گڑدے نے کل شیوسینا کے اہم رہنماء اور وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے سے ملاقات کے بعد اپنے اس مؤقف کا اعلان کیا۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ کے جالنہ، بھوکردن، بیڑ، کیج، پھلمبری، کنڑ اور ہنگولی حلقۂ انتخاب سے اپنے امیدوار کھڑا کرنے کا اشارہ مراٹھا ریزرویشن تحریک کے رہنماء منوج جرانگے پاٹل نے دیا ہے۔اسمبلی انتخابات کیلئے حتمی فیصلہ کرنے کی غرض سے کل جالنہ ضلع کے انتروالی سراٹی میں اپنے معاونین کے ہمراہ انھوں نے ایک بیٹھک کی۔اس اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ہم جو نشستیں جیت سکتے ہیں ان حلقوں میں امیدوار کھڑا کریں گے اور جن عناصر نے تحریک کو تکلیف پہنچائی ہے انھیں شکست دیں گے۔

***** ***** *****

شیوسینا رہنماء اور وزیر عبدالستار سے متعلق تحقیقات کا حکم انتخابی کمیشن نے دیا ہے۔عبدالستار کے انتخابی حلف نامے میں ان کی املاک سے متعلق تفصیلات میں 16 خامیوں کی نشاندہی سماجی کارکن مہیش شنکر پلّی اور ڈاکٹر ابھیشیک ہری داس نے کی تھی اور اس ضمن میں انتخابی کمیشن سے شکایت بھی کی تھی۔انتخابی کمیشن نے اس شکایت پر انتخابی افسران کو معاملات کی تحقیقات کرکے رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا۔

***** ***** *****

پربھنی ضلع کے رام پوری میں دیوالی پہاٹ کے عنوان سے کل موسیقی کی ایک محفل منعقد کی گئی۔اس موقع پر سویپ نوڈل افسر گنیش شندے کی رہنمائی میں چیف کنویزر اروندشہانے اور پرفل شہانے نے شہریوں کو 20 تاریخ کو اپنا حقِ رائے دہی استعمال کرنے کی ترغیب دی۔

***** ***** *****

سامعین! اسمبلی انتخابات کے سلسلے میں '' آڑھاوا وِدھان سبھا متدارسنگھا چا'' پروگرام کے تحت روزانہ شام سات بجکر 10 منٹ پر آکاشوانی سے اسمبلی حلقوں کا جائزہ پیش کیا جارہا ہے۔اس پروگرام میں آج ناگپور ضلعے کے آٹھ اسمبلی حلقوں کا جائزہ پیش کیا جائے گا۔

***** ***** *****

کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے مطالبہ کیا ہے کہ کسانوں کے مفادات کو مدِنظر رکھتے ہوئے مرکزی حکومت کپاس کی درآمد پر فی الفور پابندی عائد کرے۔اس خصوص میں وزیرِاعظم نریندر مودی کوارسال کردہ ایک مکتوب میں انھوں نے مطالبہ کیا کہ ملکی کپاس ضمانتی نرخ کے مطابق خریدنے کے احکامات جاری کیے جائیں۔ نانا پٹولے نے کہا کہ کپاس کی پیداوار میں مہاراشٹر ملک بھر میں دوسرے نمبر پر ہے اور 40 لاکھ سے زائد کسان کپاس کی کاشت کرتے ہیں۔ ریاست میں کپاس کی زبردست پیداوار ہوتی ہے اور 22 لاکھ گانٹھیں درآمد کیے جانے کی خبروں سے ملک میں کپاس کی قیمت میں بڑے پیمانے پر کمی ہونے کا خدشہ ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ قومی کپاس کارپوریشن کے پاس بھی کپاس کی 11 لاکھ گانٹھیں موجود ہیں اس بات پر حکومت توجہ دے۔

***** ***** *****

دیوالی کے مختلف تہواروں میں سے ایک بھاؤ بیج کل نہایت عقیدت کے ساتھ منایا گیا۔گھر گھر میں بہنوں نے بھائیوں کی آرتی اُتاری اور انکی طویل العمری کی دُعائیں کیں اور بھائیوں نے بہنوں کو تحائف دیئے۔کل بھاؤ بیج کے موقع پر بازاروں میں بڑے پیمانے پر لوگوں نے خریداری بھی کی۔

***** ***** *****

نیوزی لینڈ نے تین کرکٹ ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں بھارت کے خلاف وہائٹ واش کر دیا ہے۔کل ممبئی میں تیسرے اور آخری ٹیسٹ کے تیسرے دِن نیوزی لینڈ نے 25 رنوں سے فتح حاصل کی۔ نیوزی لینڈ کی دوسری اننگ کل 174 رنوں پر ختم ہوئی۔پہلی اننگ میں 28 رنوں کی برتری کے باعث بھارت کو فتح کیلیئے 147 رن درکار تھے۔تاہم بھارت کے تمام کھلاڑی صرف 121 رن ہی بنا سکے۔ رِشبھ پنت نے سب سے زیادہ 64 رن بنائے۔ان کے علاوہ واشنگٹن سندر 12 ' کپتان روہت شرما 11 ' روی چندرن اشون 8 ' رویندر جڈیجہ 6 'یشسوی جیسوال 5 ' شبھمن گل، وراٹ کوہلی اور سرفراز خان ایک ایک رن بنا سکے۔میچ میں 11 وکٹیں حاصل کرنے والے نیوزی لینڈ کے اسپنر اعجاز پٹیل کو مین آف دی میچ اور وِل ینگ کو مین آف سیریز قرار دیا گیا۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ اسمبلی انتخابات کیلیئے کاغذاتِ نامزدگی واپس لینے کا آج آخری دِن۔

☆ مراٹھواڑہ کے جالنہ، بھوکردن' بیڑ، کیج، پھلمبری، کنڑ اور ہنگولی اسمبلی حلقوں سے امیدوار کھڑا کرنے کا منوج جرانگے پاٹل کا اشارہ۔

☆ شیوسینا رہنماء عبدالستار کے حلف نامے میں موجود خامیوں کی شکایت پر تحقیقات کا انتخابی کمیشن کا حکم۔

☆ بھاؤ بیج تہوار کل روایتی عقیدت کے ساتھ منایا گیا۔

اور۔۔۔☆ ممبئی کرکٹ ٹیسٹ میں فتح حاصل کر کے نیوزی لینڈ کا بھارت کے خلاف وہائٹ واش۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****